فوری ہدایات برائے جلسہ سالانہ قادیان 2015

برائے جملہ درخواست دہندگان / ریجنل / لوکل امراء وصدرانِ جماعت صاحبان

جلسہ سالانہ قادیان انشاء اللہ العزیز مورخہ 26، 27، 28 دسمبر 2015 بمقام قادیان، بھارت منعقد ہوگا۔ **امسال قادیان سے موصول ہونے والی ہدایات کی روشنی میں دعوت ناموں اور ویزوں کے حصول کے طریق کار میں گزشتہ سالوں کی نسبت اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں۔** پہلے مرحلے میں درخواست دہندگان Online ویزا فارم پُر کے Submit کریں گے اور اُس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے File Number جس کو Web File Number بھی کہتے ہیں کو FORM H میں دیگر کوائف کے ساتھ درج کر کے مرکز (بیت السبوح، فرانکفرٹ) ارسال کرینگے۔ یہ کوائف بغرض کلیئرنس بھارت ارسال کیئے جائیں گے۔ FORM H اور دیگر ہدایات نیچے الگ موجود ہیں۔ اِس FORM کے تمام کالم پُر کرنے لازم ہیں۔ صدرانِ جماعت وحلقہ جات حسبِ ضرورت فوٹو کاپیاں کروالیں۔ **FORM H مرکز بھجوانے کی آخری تاریخ 31 جولائی 2015 مقرر کی گئی تاہم آپ سے درخواست ہے کہ آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر جلد از جلد یہ فارم ارسال کردیں۔ جرمن اور پاکستانی پاسپورٹ کے علاوہ نیلے اسائلم پاسپورٹ رکھنے والے بھی اپلائی کر سکتے ہیں۔** دوسرے مرحلے میں درخواست دہندگان کو دعوت نامے اور مزید ہدایات بھجوائی جائیں گی تاکہ وہ پہلے سے پُر شدہ ویزا فارم مطلوبہ کاغذات کے ساتھ بھارتی سفارتخانے کی مقرر کردہ ایجنسی میں جمع کرا سکیں۔

Internet کے ذریعہ Online ویزا فارم پُر کرنے اور Submit کرنے کے لئے https://indianvisaonline.gov.in/visa/ استعمال کریں۔ اِس ویزا فارم میں درج کرنے کے لئے ضروری معلومات اس بلیٹن میں موجود ہیں۔ آن لائن فارم پُر کر کے Submit کا بٹن دبانے کے بعد آپ کو ایک File Number جو DEU سے شروع ہوتا ہے مل جائے گا۔ اس نمبر کو Web File Number بھی کہتے ہیں جو Printed فارم کی بائیں جانب Margin میں نیچے سے اوپر درج ہوتا ہے۔ پُر شدہ فارم کے کم از کم تین سیٹ Print کر کے اپنے پاس سنبھال کر رکھ لیں۔

یہ ہدایات اور FORM H جملہ لوکل امراء صاحبان کو بھی ارسال کردی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ احمدیہ بلیٹن میں بھی شائع کی جارہی ہیں۔ اگر کوئی وضاحت درکار ہو تو شعبہ امورِ خارجہ سے رابطہ کریں۔ عندالضرورت مکرم رفیع اللہ خان صاحب، اسسٹنٹ نیشنل سیکریٹری امورِ خارجہ سے بھی فون نمبر 0177-7984-371 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ شکریہ۔

15.05.2015

راجہ محمد یوسف خان

ایڈیشنل نیشنل سیکرٹری امورخارجہ

ٹیلی فون نمبر: 069-50688641